فوری ریلیز کے لیے: 13/1/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنا: گورنر HOCHUL نے عوامی سلامتی کو مضبوط بنانے اور ہماری سڑکوں اور سب ویز کو مزید محفوظ بنانے کے منصوبے کی نقب کشائی کی
گھروں میں تیار کی جانے والی غیرقانونی D3 پرنٹڈ گنز کے خلاف ملکی تاریخ کی پہلی قانون سازی میں پیش رفت

نیو یارک کے شہریوں کے آئینی حقوق، مذہبی آزادی اور نگہداشت تک رسائی کا تحفظ

پلیٹ فارمز پر پولیس تعینات کر کے، SCOUT ٹیموں میں توسیع کر کے، اور پلیٹ فارم ایج بیریئرز کے ذریعے مسافروں کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے سب ویز میں جرائم کی ریکارڈ کم ترین سطح کو برقرار رکھنا

متاثرین کی معاونت، جرائم کے خلاف اقدامات میں سرمایہ کاری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں اور فرسٹ ریسپانڈر سپورٹ پروگرامز کو مضبوط بنانا

انٹیلیجنٹ اسپیڈ اسسٹنس کے ذریعے نیو یارک سٹی کے انتہائی تیز رفتار ڈرائیورز کو روک کر اور نیو یارک کے کام کے زونز میں سلامتی کو اولین ترجیح بنا کر نیو یارک کی سڑکوں کا تحفظ کرنا

نیو یارک کے ہنگامی حالات اور آفات سے نمٹنے کے ردِعمل کو بہتر بنانا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج 2026 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ کے حصے کے طور پر نیو یارک بھر میں عوامی سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے تجاویز کے ایک سلسلے سے پردہ اٹھایا۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے عوامی سلامتی میں $3 بلین کی سرمایہ کاری کی ہے، جس میں مقامی اور ریاستی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے ریکارڈ سطح کی معاونت شامل ہے تاکہ انہیں وہ وسائل اور معاونت فراہم کی جا سکے جو بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو ریکارڈ کم ترین سطح تک لانے، سب ویز میں جرائم کم کرنے اور عالمی وبا کے دور میں موٹر گاڑیوں اور ریٹیل چوریوں میں آنے والے اضافے کا مقابلہ کرنے کے لیے درکار ہیں۔ یہ اقدامات، اس کے ساتھ ساتھ ریاست کے ضمانت، دریافت اور بندوق سے متعلق قوانین میں وہ عام فہم تبدیلیاں جو گورنر Hochul (ہوکل) نے گزشتہ قانون ساز اجلاسوں میں حاصل کیں انہوں نے نیو یارک کو ملک کی محفوظ ترین بڑی ریاستوں میں سے ایک بنانے میں مدد دی ہے۔

"جب میں نے عہدہ سنبھالا تھا تو میں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ سلامتی اور تحفظ کو بحال کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گی،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم نے اس وعدے کو عملی اقدامات کے ذریعے پورا کیا: پولیس اور عوامی سلامتی میں بے مثال سرمایہ کاری، ملک کے سخت ترین بندوقوں سے متعلق قوانین اور مسلسل قانون توڑنے والوں کو سڑکوں سے دور رکھنے کے لیے عام فہم اصلاحات۔ اس سال، ہم اعداد و شمار کے باہمی اشتراک اور عقلمندانہ نفاذ کے ذریعے اُن اقدامات کو مزید آگے بڑھا رہے ہیں جو مؤثر ثابت ہو چکے ہیں تاکہ جرائم سے ایک قدم آگے رہا جا سکے۔"

آج کی تجاویز اس پیش رفت کو مزید آگے بڑھائیں گی جس کے تحت غیر قانونی D3 پرنٹڈ گھوسٹ بندوقوں کے ناسور کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جرائم سے نمٹنے کی نئی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کی جائے گی، قانون نافذ کرنے والے افسران اور فرسٹ ریسپانڈرز کی معاونت کی جائے گی نیو یارک کی سڑکوں اور سب ویز کو محفوظ

بنایا جائے گا، ہنگامی حالات سے نمٹنے کے ردِعمل کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا اور نیو یارک کے باشندوں کی مذہبی آزادی اور نگہداشت صحت تک رسائی کا تحفظ کیا جائے گا۔

غیر قانونی گھریلو طور پر تیار کی گئی بندوقوں کو روکنا
D3 پرنٹڈ آتشیں اسلحے کے خلاف سخت کارروائی
گورنر Hochul (ہوکل) نے ملک کے سخت ترین گن قوانین منظور کیے اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال کی روک تھام میں ریکارڈ سرمایہ کاری کی، جس کے نتیجے میں 2025 میں ریکارڈ شدہ تاریخ میں ریاست بھر میں فائرنگ کے واقعات کی سب سے کم تعداد نیو یارک میں سامنے آئی۔ تاہم، نیو یارک کو ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ایک ابھرتے ہوئے خطرے کا سامنا ہے یعنی D3 پرنٹڈ آتشیں اسلحے اور ان کے پرزہ جات کا پھیلاؤ۔ جیسے جیسے D3 پرنٹرز عام ہوتے جا رہے ہیں ویسے ہی آن لائن بندوقوں کے بلیو پرنٹس بھی کام عام ہو گئے ہیں یعنی ڈاؤن لوڈ کی جا سکنے والی ہدایات جو غیر قانونی، ناقابلِ سراغ اور باآسانی تیار کیا جانے والا آتشیں اسلحہ بنانے میں سہولت فراہم کرتی ہیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) اس خطرے سے نمٹنے کے لیے ملک میں قیادت کا کردار ادا کرتے ہوئے مؤقف اختیار کر رہی ہیں۔ وہ غیر قانونی D3 پرنٹڈ آتشیں اسلحے کے خلاف سخت کارروائی کریں گی جس کے لیے ملک میں اس طرح کی پہلی نوعیت کی قانون سازی کو آگے بڑھایا جائے گا جس کے تحت نیو یارک میں فروخت ہونے والے D3 پرنٹرز کے لیے کم از کم حفاظتی معیارات مقرر کیے جائیں گے اور انہیں ایسی بنیادی ٹیکنالوجی سے لیس کرنا لازم ہوگا جو بغیر لائسنس اور غیر قانونی طور پر مہلک آتشیں اسلحہ اور اس کے پرزہ جات کی تیاری کو روکے۔ قانون سازی کے تحت ریاست نیو یارک ڈویژن برائے جرائم سے متعلق عدالتی خدمات (New York State Division of Criminal Justice Services) کو ماہرین پر مشتمل ایک ٹاسک فورس کی قیادت سونپی جائے گی تاکہ ایسے ضوابط کی سفارش کی جا سکے جو ان خطرناک DIY ہتھیاروں سے نیو یارک کے باشندوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ ان ضوابط کے نفاذ کے بعد، یہ قانون سازی اس بات کی اجازت دے گی کہ نیو یارک میں ایسا کوئی بھی فرد یا ادارہ جو مطلوبہ ٹیکنالوجی سے لیس کیے بغیر D3 پرنٹر فروخت کرے اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکے۔ ڈیجیٹل بلیو پرنٹس کی اس بے لگام تقسیم کو روکنے کے لیے جو مڈل اسکول کی کلاس رومز اور نجی گھروں میں موجود پرنٹرز کو آتشیں اسلحہ تیار کرنے کے قابل بنا دیتے ہیں، گورنر ایسی قانون سازی کو آگے بڑھائیں گی جس کے تحت غیر قانونی بندوقوں اور ان کے پرزہ جات کی پرنٹنگ کی سہولت دینے والے بلیو پرنٹس کے غیر قانونی قبضے، فروخت یا تقسیم کو جرم قرار دیا جائے گا۔ یہ قانون سازی D3 پرنٹڈ آتشیں اسلحے کی تیاری پر فوجداری سزائیں بھی شامل کرے گی۔ مزید برآں، گورنر ریاست نیو یارک کی پولیس (New York State Police) کو ہدایت دیں گی کہ وہ غیر قانونی D3 پرنٹڈ آتشیں اسلحے اور غیر قانونی ڈیزائن فائلز کے ذرائع دونوں کی نگرانی کریں اور ہدفی مداخلتیں تیار کرنے کے لیے دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری کریں۔

DIY مشین گنز کو نشانہ بنانا
مشین گنز ہر ریاست میں غیر قانونی ہیں اور ریاست نیو یارک میں اسالٹ اور سیمی آٹومیٹک اسالٹ ہتھیاروں پر پابندی نے بے شمار جانیں بچائی ہیں۔ مینوفیکچررز کو ایسے پستول فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے جنہیں ایک چھوٹے سے، لیگو کے سائز کے 'سوئچ' کے ذریعے مکمل آٹومیٹک ہتھیاروں میں بدلا جا سکے جو فی منٹ 1,200 راؤنڈز تک فائر کر سکتے ہیں اور جنہیں آن لائن باآسانی خریدا جا سکتا ہے یا D3 پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، بعض آتشیں اسلحے کے ڈیزائن اس کام کو خاص طور پر آسان بنا دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں ہتھیار کو مکمل آٹومیٹک مشین گن میں تبدیل کیا جا سکتا ہے جو ٹریگر کو ایک بار دبانے پر گولیوں کی بوچھاڑ کرنے کا موقع دیتی ہے۔ اگرچہ پستول کے کنورٹرز ریاستی اور وفاقی دونوں سطحوں پر پہلے ہی غیر قانونی ہیں، یہ ڈیوائسز غیر قانونی طور پر خریدی جا سکتی ہیں یا گھر پر D3 پرنٹ کی جا سکتی ہیں اور پھر چند منٹوں میں نصب کی جا سکتی ہیں۔

گزشتہ سال، گورنر Hochul (ہوکل) نے ایسی قانون سازی پر دستخط کیے جس کے تحت مینوفیکچررز کو یہ یقینی بنانے کے لیے معقول اقدامات کرنا لازم قرار دیا گیا کہ ان کے آتشیں اسلحے باآسانی مشین گنز میں تبدیل نہ کیے جا سکیں۔ اس سال، وہ اس کوشش کو مزید آگے بڑھائیں گی اور نیو یارک کے باشندوں کے تحفظ کے لیے مزید اقدامات کریں گی، جن کے تحت ریاست میں نجی شہریوں کو فروخت کیے جانے والے تمام پستول اس طرح ڈیزائن کیے جانا لازم ہوں گے کہ انہیں باآسانی اور تیزی سے DIY مشین گنز میں تبدیل نہ کیا جا سکے۔

ہمارے پڑوسیوں کے حقوق کا تحفظ کرنا

آئینی خلاف ورزیوں پر وفاقی افسران کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کا حق قائم کرنا

وفاقی امیگریشن کے نفاذ میں جارحانہ کارروائیوں میں بے مثال اضافے کے باعث، امریکہ بھر کی کمیونٹیز سخت ہتھکنڈوں سے متاثر ہو رہی ہیں جن کے بارے میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ وہ آئینی حقوق کو پامال کرتے ہیں۔ ریاست بھر کی کمیونٹیز کے تحفظ اور آئینی حقوق کی خلاف ورزی کی صورت میں جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر Hochul (ہوکل) ایسی قانون سازی کو آگے بڑھائیں گی جو نیو یارک کے باشندوں کو اپنے حقوق کی پامالی کی صورت میں انصاف کے حصول کا ایک واضح راستہ فراہم کرے۔

یہ تجویز افراد کو اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ وہ ریاستی سطح پر ایسے وفاقی افسران کے خلاف دیوانی مقدمات دائر کریں جو نیو یارک کے باشندوں کے امریکی آئینی حقوق کی خلاف ورزی کریں نیز یہ انہی قانونی معیارات کے مطابق ہے جو قانون کے دیگر حصوں میں پہلے سے موجود ہیں۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والے افسران پہلے ہی ان معیارات کے تابع ہیں جن میں کوالیفائیڈ امیونٹی بھی شامل ہے جو اُن افسران کو تحفظ فراہم کرتی ہے جو واضح طور پر طے شدہ قانون کی حدود کے اندر رہتے ہوئے کارروائی کرتے ہیں۔ یہ قانون سازی انہی معیارات کے تحت وفاقی افسران کے لیے بھی جوابدہی کو یقینی بنائے گی۔

حساس مقامات پر نیو یارک کے باشندوں کا تحفظ کرنا

دہائیوں سے وفاقی پالیسی نے بغیر وارنٹ کے سول امیگریشن کے نفاذ کو حساس مقامات جیسے اسکولوں، ہسپتالوں اور عبادت گاہوں میں محدود کیا ہوا ہے۔ حالیہ وفاقی تبدیلیوں نے ان تحفظات کو واپس لے لیا ہے جس کے نتیجے میں عوامی سلامتی، اسکول کمیونٹیز، نگہداشت تک رسائی اور اہم اداروں پر اعتماد میں خلل پڑا ہے۔

نیو یارک کے باشندوں کو سکون کے ساتھ اسکول جانے، بچوں کی نگہداشت تک رسائی حاصل کرنے، طبی نگہداشت حاصل کرنے اور عبادت کرنے کی سہولت حاصل ہونی چاہیے۔ گورنر Hochul (ہوکل) ایسی قانون سازی تجویز کریں گی جس سے عدالتی وارنٹ کے بغیر سول امیگریشن کے نفاذ سے حساس مقامات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ یہ اقدام ضروری کمیونٹی مقامات میں بچوں اور فیملیز کے لیے استحکام فراہم کرنے میں مدد دے گا۔

عبادت اور نگہداشت صحت تک محفوظ رسائی کا تحفظ کرنا

نیو یارک اور ملک بھر میں، ہم مداخلت کے تشویشناک واقعات دیکھ رہے ہیں، جن میں زہر اور نفرت سے بھرپور مظاہرے بھی شامل ہیں وہ بھی اس وقت جب لوگ محفوظ طریقے سے اور ہراسانی سے پاک انداز میں عبادت کرنے یا طبی نگہداشت حاصل کرنے کے اپنے حق کو استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہوں۔ ان بنیادی آزادیوں کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر Hochul (ہوکل) عبادت گاہوں اور نگہداشت صحت کی فیسلٹیز کے گرد بفر زونز قائم کرنے کے لیے قانون سازی کو آگے بڑھا رہی ہیں۔ دیگر دائرۂ اختیار میں اپنائے کیے گئے طریقۂ کار سے حاصل ہونے والے اسباق کو مدِنظر رکھتے ہوئے، یہ بفر زونز افراد کو ہراسانی اور رکاوٹ سے محفوظ رکھیں گے نیز قانونی اظہارِ رائے کے حق کو بھی برقرار رکھیں گے۔ یہ تجویز عوامی سلامتی، مذہبی آزادی اور نگہداشت تک رسائی کے تحفظ کے لیے نیو یارک کے عزم کی عکاسی کرتی ہے اور ساتھ ہی آئینی اقدار کو برقرار رکھتی ہے۔

سب وے میں تحفظ کو ترجیح دینا

پلیٹ فارمز پر پولیس تعینات کر کے سب وے میں جرائم کی ریکارڈ کم ترین سطح کو برقرار رکھنا

2025 میں سب وے میں جرائم 16 سال کی کم ترین سطح پر پہنچے، جس میں ٹرانزٹ سسٹم میں بڑے جرائم کی تعداد 2019 کے مقابلے میں 14.4 فیصد کم رہی۔ ٹرانزٹ ڈکیتیوں کی تعداد ریکارڈ کی کم ترین سطح پر آئی جبکہ بندوقوں کی برآمدگی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ سب وے کے مسافروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے: 2025 میں تقریباً 1.3 بلین سفر ریکارڈ کیے گئے جو 2022 کے مقابلے میں 30 فیصد زیادہ ہیں۔

یہ کامیابیاں یعنی کم جرائم اور زیادہ مسافروں کی تعداد محنتی اور وقف پولیس افسران کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں جنہیں گورنر Hochul (ہوکل) کی پولیسنگ اور ذہنی صحت سے متعلق شمولیتی حکمتِ عملیوں میں پیشگی سرمایہ کاری کی حمایت حاصل رہی جو پورے نظام میں نظم و ضبط اور عوامی سلامتی کو فروغ دیتی ہیں۔ سب وے کی سلامتی

میں مسلسل پیش رفت کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر Hochul (ہوکل) پورے سب وے نظام میں NYPD افسران کی تعیناتی کی معاونت کے لیے اضافی $77 ملین مختص کریں گی تاکہ سب سے زیادہ ضرورت والے علاقوں کو ہدف بنایا جا سکے اور مسافروں کی سلامتی میں بہتری کے لیے زیادہ سے زیادہ فوائد فراہم کیے جا سکیں۔

سب وے نظام میں SCOUT ٹیموں میں توسیع کرنا
نیو یارک کا سب وے نظام ریاست کے کچھ انتہائی کمزور افراد کے لیے بدستور ایک پناہ گاہ کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے جن میں بے گھر افراد اور شدید ذہنی بیماری کے بغیر علاج والے مریض شامل ہیں۔ سب وے کو-ریسپانس آؤٹ ریچ ٹیمز (Subway Co-Response Outreach Teams) کا اقدام، جسے SCOUT کے نام سے جانا جاتا ہے، MTA پولیس افسران کو نیو یارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لیس سروسز (NYC Department of Homeless Services) کے کلینیکل عملے کے ساتھ جوڑتا ہے تاکہ بحران کا سامنا کرنے والے افراد سے رابطہ کیا جا سکے اور انہیں نگہداشت، علاج یا پناہ گاہ سے منسلک کیا جا سکے۔ پروگرام کی مدت کے دوران، SCOUT کے تحت کی گئی مداخلتوں کے نتیجے میں تقریباً 7,500 راتوں کے لیے شعبہ اندرونی مریضان اسپتال نگہداشت فراہم کی گئی جبکہ قانون نافذ کرنے سے متعلق واقعات تقریباً نہ ہونے کے برابر رہے۔

موجودہ ٹیموں کی کامیابی کو آگے بڑھاتے ہوئے، جنہوں نے پہلے ہی سینکڑوں افراد کو نفسیاتی نگہداشت، طبی سروسز اور پناہ گاہ تک رسائی میں مدد دی ہے، گورنر Hochul (ہوکل) SCOUT ٹیموں میں 50% اضافہ کریں گی یعنی 10 سے بڑھا کر 15 تک، تاکہ مزید مقامات تک پہنچا جا سکے اور پورے نظام میں زیادہ لچک کے ساتھ کام کیا جا سکے۔ یہ توسیع ٹیموں کو شدید ذہنی دباؤ کا سامنا کرنے والے افراد کے لیے زیادہ تیزی سے ردِعمل دینے اور وسائل کو وہاں مرکوز کرنے کی اجازت دے گی جہاں ضرورت سب سے زیادہ ہے۔ اس ثابت شدہ شراکت داری کو مضبوط بنا کر، نیو یارک سب وے میں سلامتی کو بہتر بنائے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بحران کا سامنا کرنے والے افراد کو بغیر معاونت چھوڑنے کے بجائے بروقت اور موزوں نگہداشت فراہم کی جائے۔

پلیٹ فارم ایج بیریئرز کے ذریعے مسافروں کا تحفظ کرنا
سب وے پلیٹ فارمز پر مسافروں کی سلامتی کو برقرار رکھنا روزمرہ ٹرانزٹ سلامتی کو بہتر بنانے کے سب سے براہِ راست طریقوں میں سے ایک ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) 2026 میں مزید 85 سب وے اسٹیشنز پر پلیٹ فارم ایج بیریئرز کی تنصیب میں توسیع کریں گی تاکہ حالیہ پیش رفت کو آگے بڑھاتے ہوئے پٹڑیوں پر گرنے کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ یہ بیریئرز ایک مرئی اور فزیکل حفاظتی بہتری فراہم کرتے ہیں جس کا تجربہ مسافر ٹرینوں کے انتظار کے دوران فوراً کرتے ہیں۔ 115 اسٹیشنز کو پہلے ہی ایک سادہ اور اندرونی طریقۂ کار کے ذریعے اپ گریڈ کیا جا چکا ہے جس سے تنصیبات کو تیزی اور مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کی سہولت ملتی ہے۔ اس ثابت شدہ طریقۂ کار کو مزید وسعت دے کر، ریاست لاکھوں روزانہ کے مسافروں کے لیے سب وے اسٹیشنز کو زیادہ محفوظ، پُرسکون اور بااعتماد بنائے گی۔

جرائم کے خلاف مؤثر کارروائی اور انصاف کو یقینی بنانا
ریاست بھر میں جرائم کے تجزیے کے مراکز میں توسیع کرنا
نیو یارک کا جرائم کے تجزیے کے مرکز کا نیٹ ورک (Crime Analysis Center Network) ریاست کی عوامی سلامتی کی حکمتِ عملی میں ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے جو تحقیقات کی معاونت، قانونی چارہ جوئی کو مضبوط بنانے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ جیسے جیسے جرائم تیزی سے دائرۂ اختیار کی سرحدوں کو عبور کر رہے ہیں، زیادہ آبادی والے اور پیچیدہ علاقائی سرگرمیوں کے حامل علاقوں میں تجزیاتی صلاحیت میں اضافے کی طلب بڑھتی جا رہی ہے۔ جرائم کے تجزیے کے مراکز ڈیٹا پر مبنی پولیسنگ کے حوالے سے گورنر کے اس طریقۂ کار کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں جس کے تحت تمام اہم فریقین کو یکجا کیا جاتا ہے تاکہ ہمارے سب سے مشکل اور دیرینہ چیلنجز کا براہِ راست سامنا کیا جا سکے۔

ریاست بھر میں مکمل کوریج حاصل کرنے کے لیے، گورنر Hochul (ہوکل) ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں ایک نیا مرکز قائم کر کے جرائم کے تجزیے کے مرکز کے نیٹ ورک کو وسعت دیں گی۔ یہ مرکز مقامی اور علاقائی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو حقیقی وقت میں جرائم کا تجزیہ، تحقیقی معاونت اور کاؤنٹیز و ریاست کے شراکت داروں کے ساتھ معلومات کے مضبوط تبادلے کی سہولت فراہم کرے گا۔ ایک منفرد اور قومی سطح پر تسلیم شدہ ماڈل کی رسائی

کو ایک اہم علاقائی راہداری تک بڑھا کر، نیو یارک ریاست بھر میں عوامی سلامتی کو مزید مضبوط بنانا اور مؤثر پولیسنگ کی معاونت کرنا جاری رکھے گا۔

نیو یارک کی جرائم کی لیبز میں سرمایہ کاری کے ذریعے جرائم حل کرنا

بروقت اور قابلِ اعتماد فرانزک تجزیہ متاثرین کو انصاف کی فراہمی اور مجرموں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے نہایت اہم ہے تاہم نیو یارک کی کئی جرائم کی لیبارٹریاں پرانے آلات اور عملے کی دیرینہ کمی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) ریاست بھر کی جرائم کی لیبز میں سرمایہ کاری کریں گی تاکہ بیک لاگز کو کم کیا جا سکے، کیسز کی پراسیسنگ کو تیز کیا جا سکے اور فرانزک شواہد کے معیار اور یکسانیت کو بہتر بنایا جا سکے۔ یہ اقدام DNA اور منشیات کے تجزیے کی ٹیکنالوجی میں اپ گریڈز کی معاونت کرے گا، فرانزک عملے میں توسیع کرے گا نیز منظوری اور مہارت کی ٹیسٹنگ کے ذریعے ریاست بھر میں معیارات کو مضبوط بنائے گا۔ فرانزک کام کی رفتار اور معتبریت کو بہتر بنا کر، ریاست اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ مقدمات مؤثر انداز میں آگے بڑھیں اور متاثرین کو حل کے لیے برسوں انتظار نہ کرنا پڑے۔

پولیس ٹریننگ اکیڈمیز کو بہتر بنانا

نیو یارک کے پولیس افسران کو مقامی اکیڈمیز کے ایک غیر مرکزی نظام کے ذریعے تربیت دی جاتی ہے جہاں نصاب، دورانیہ اور تدریسی معیار میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ اس عدم یکسانیت کے باعث ریاست بھر میں افسران کو تیاری کی یکساں سطح حاصل نہیں ہو پاتی، حالانکہ وہ ایسی کمیونٹیز کی خدمت کرتے ہیں جہاں پیشہ ورانہ طرزِ عمل، سلامتی اور جوابدہی کے حوالے سے توقعات ملتی جلتی ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) منظوری کا ایک پروگرام تیار کر کے پولیس ٹریننگ کو مضبوط بنائیں گی جس میں مقامی ایجنسیاں رضاکارانہ طور پر شامل ہو سکیں گی تاکہ تمام ایجنسیاں بہترین عملی طریقۂ کار سے متعلق معیاری معلومات تک یکساں رسائی حاصل کر سکیں اور اس کے ذریعے بالخصوص چھوٹے اور کم وسائل والے محکموں کے لیے اعلیٰ معیار کی تربیت فراہم کرنے میں مدد ملے۔

اہم واقعات کے بعد اسٹیٹ پولیس کی معاونت کرنا

ہمارے اولین امدادی کارکنان کو دیگر بیشتر پیشوں کے مقابلے میں ذہنی صحت کے مسائل کا زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دیکھ بھال کے حوالے سے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم کے تحت، ان چیلنجز سے نمٹنا ایک ترجیح رہا ہے۔ ریاست نیو یارک کے ٹروپرز ملک میں عوامی سلامتی کے سب سے زیادہ مطالبہ کرنے والے مشنز میں سے ایک انجام دیتے ہیں اور نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے خود کو خطرات کے سامنے رکھتے ہیں۔ افسران کی فلاح و بہبود اور عوامی سلامتی کی معاونت کے لیے، گورنر ایسی قانون سازی کو آگے بڑھائیں گی جس کے تحت ریاستی پولیس کے اُن ارکان کے لیے بامعاوضہ سنگین حادثے کی چھٹی کو بہتر اور ضابطہ بند کیا جائے گا جو طاقت کے جواز پر مبنی اور اہل استعمال میں ملوث ہوں۔ یہ تجویز اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ٹروپرز کو صحت یابی کے لیے درکار وقت اور معاونت حاصل ہو، وہ تحقیقات میں مکمل تعاون کر سکیں اور محفوظ طریقے سے اپنی ڈیوٹی پر واپس آئیں، جس سے جوابدہی، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور اُن کمیونٹیز کی سلامتی مضبوط ہوتی ہے جن کی وہ خدمت کرتے ہیں۔

تحفظ کے آرڈرز کی مدت میں توسیع کرنا

جب ملزمان عدالت میں پیش ہونے میں ناکام رہتے ہیں تو تحفظ کے آرڈرز جن میں دور رہنے کی شرائط، عدم رابطے کے تقاضے اور آتشیں اسلحہ جمع کرانے کی ذمہ داریاں شامل ہو سکتی ہیں، عین اُن لمحات میں اپنی نفاذی حیثیت کھو دیتے ہیں جب متاثرین کو سب سے زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ یہ قانونی سقم افراد کو محض عدالت میں واپس نہ آ کر عدالتی تحفظاتی احکامات کے نتائج سے بچ نکلنے کا موقع دیتا ہے جس سے متاثرین کی سلامتی اور جوابدہی کمزور پڑ جاتی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) اس قانونی سقم کو ختم کریں گی جس کے تحت جب کوئی ملزم عدالت میں واپس حاضر نہ ہو تو عدالتیں خودکار طور پر تحفظ کے آرڈرز کی مدت میں توسیع کریں گی۔ ججز کے لیے بھی یہ بھی لازم ہوگا کہ وہ ملزمان کو پہلے ہی واضح طور پر مطلع کریں کہ اگر وہ عدالت میں پیش ہونے میں ناکام رہے تو آرڈر بدستور نافذ العمل رہے گا۔ تسلسل اور جوابدہی کو مضبوط بنا کر، ریاست متاثرین کا بہتر تحفظ کرے گی اور نفاذ میں خطرناک خلا کو پُر کرنے میں مدد دے گی۔

خطرے سے دوچار افراد اور متاثرین کی قیادت میں چلنے والے وکٹم اسسٹنس پروگرامز کی معاونت کرنا

نیو یارک کے 250 سے زائد وکٹم اسسٹنس پروگرامز میں سے بہت سے وہ سروسز فراہم کرتے ہیں جو متاثرین کی خدمات کے دفتر (Office of Victim Services, OVS) کی جانب سے براہِ راست فراہم کی جانے والی خدمات کی تکمیل کرتی ہیں، تاہم بعض چھوٹی یا متاثرین کی قیادت میں چلنے والی تنظیمیں اکثر مالی دباؤ کو سنبھالنے کے لیے درکار انتظامی صلاحیت سے محروم ہوتی ہیں۔ جب یہ پروگرامز بند ہو جاتے ہیں تو متاثرہ کمیونٹیز میں خدمات کے خلا تیزی سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) متاثرین کی خدمات کے دفتر کے زیرِ انتظام ایک نئے تکنیکی معاونت کے اقدام کا اعلان کریں گی تاکہ مالی طور پر خطرے سے دوچار اور متاثرین کی قیادت میں چلنے والے پروگرامز کی معاونت کی جا سکے۔ شامل ہونے والی تنظیمیں ہدفی معاونت کی درخواست کر سکیں گی جن میں مالی نظم و نسق کی معاونت، تعمیلی رہنمائی اور تنظیمی منصوبہ بندی شامل ہے تاکہ پروگرامز کو مستحکم کیا جا سکے، طویل مدتی پائیداری بہتر بنائی جا سکے اور ریاست بھر میں متاثرین کی خدمات تک رسائی میں اضافہ کیا جا سکے۔

متاثرین کے لیے تلافی تک رسائی کو سادہ بنانا اور اس کے فروغ کو یقینی بنانا

جرائم کے متاثرین کے لیے، متاثرہ ہونے سے پیدا ہونے والی مالی رکاوٹیں صدمے کو بڑھا سکتی ہیں اور بحالی میں تاخیر کا باعث بن سکتی ہیں، تاہم بہت سے نیو یارک کے باشندے اس بات سے آگاہ نہیں ہوتے کہ متاثرہ افراد کے لیے تلافی دستیاب ہے یا پھر انہیں کلیمز کے پراسیس کو سمجھنے میں دشواری کا سامنا ہوتا ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) ایک نئے، ٹراما سے باخبر کلیمز پلیٹ فارم کا آغاز کر کے نیو یارک کے متاثرین کی تلافی کے سسٹم کو جدید بنائیں گی جو رسائی میں آسان، استعمال میں سہل اور متاثرین کی ضروریات کے لیے زیادہ موزوں ہوگا۔ ریاست متاثرہ افراد کی تلافی اور اس سے متعلق سروسز سے متعلق آگاہی کو بھی فروغ دے گی تاکہ متاثرین کو معلوم ہو کہ جب انہیں سب سے زیادہ ضرورت ہو تو مدد دستیاب ہے چاہے انہوں نے جرم کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دی ہو یا نہیں۔ یہ تمام بہتریاں مل کر متاثرین کو مالی معاونت تک زیادہ تیزی سے رسائی حاصل کرنے میں مدد دیں گی، بحالی کے دوران دباؤ کو کم کریں گی اور اُن سروسز پر اعتماد کو مضبوط کریں گی جو ان کی معاونت کے لیے تیار کی گئی ہیں۔

جنسی جرائم کے شواہد جمع کرنے والی کِٹس کے طریقۂ کار میں اصلاحات کرنا

جنسی زیادتی سے متاثرہ افراد ایک ایسے نظام کے حقدار ہیں جو ان کے وقار، خودمختاری اور طویل مدتی فلاح و بہبود کو ترجیح دے۔ گورنر Hochul (ہوکل) جنسی جرائم کے شواہد جمع کرنے والی کِٹس کے طریقۂ کار کو جدید بنانے کے لیے قانون سازی کو آگے بڑھائیں گی تاکہ متاثرین کو آگے بڑھنے سے متعلق فیصلے میں زیادہ وقت، زیادہ اختیار اور زیادہ آپشنز میسر آ سکیں۔ یہ تجویز بچپن میں جنسی حملے کا شکار ہونے والے متاثرین کے لیے جنسی جرائم کے شواہد جمع کرنے والی کِٹس کی محفوظ رکھنے کی مدت میں توسیع کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر شواہد کو تلف نہ کیا جا سکے۔ یہ اقدام رضامندی کی صلاحیت رکھنے والے بعض نابالغوں کو اپنی شواہد جمع کرنے والی کِٹس سے متعلق فیصلوں پر مزید اختیار بھی فراہم کرے گا۔ یہ تجاویز اُس سنگِ میل قانون سازی کی تکمیل کرتی ہیں جس پر گورنر Hochul (ہوکل) نے دستخط کیے تھے جس کے تحت ریاست بھر میں جنسی جرائم کی کِٹس کی ٹریکنگ کا نظام قائم کیا گیا اور توسیع دی گئی جو متاثرین کی معاونت اور انصاف کے حصول کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) متاثرین، وکلا، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور نگہداشت صحت فراہم کرنے والوں کے ساتھ مل کر جنسی جرائم کے شواہد جمع کرنے والی کِٹس کی جانچ اور رپورٹنگ کے لیے مزید آپشنز پر کام جاری رکھیں گی۔ یہ تمام تبدیلیاں مل کر دوبارہ صدمے کے خدشے کو کم کریں گی، متاثرین کی سروسز تک رسائی کو وسعت دیں گی، اور اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ نظام متاثرین کے اپنے شرائط کے مطابق ردِعمل دے، نہ کہ کسی من مانے ٹائم لائن کے تحت۔

نیو یارک میں گرینڈ جیوری کی کارروائیوں میں اخراجات اور تاخیر کم کر کے انصاف کے عمل کو سادہ بنانا

22 ریاستوں میں سے جہاں سنگین جرائم کے مقدمات میں گرینڈ جیوری کی جانب سے فردِ جرم عائد کرنا لازم ہے، نیو یارک واحد ریاست ہے جہاں معمول کے کاروباری ریکارڈز کو بطورِ ثبوت قبول کرنے سے پہلے ان کی تصدیق کے لیے کسی گواہ کا ذاتی طور پر عدالت میں پیش ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ یہ فرسودہ تقاضا گواہوں کو سفر کرنے پر مجبور کرتا ہے نیز اکثر تو یہ گواہان ملک کے مختلف حصوں سے سفر کرتے ہیں، محض اس لیے کہ وہ کاروبار کے معمول کے دوران تیار کیے گئے ریکارڈز سے متعلق چند بنیادی سوالات کا جواب دے سکیں۔ اس کے

نتیجے میں پراسیکیوٹرز کے لیے اخراجات میں اضافہ، کمپنیوں کی پیداواری صلاحیت میں کمی، مقدمات میں تاخیر اور ٹیکس دہندگان کے پیسے کا ضیاع ہوتا ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) ایسی قانون سازی کی کوشش کریں گی جس کے تحت معمول کے کاروباری ریکارڈز کو حلف نامے کے ذریعے تیزی سے بطورِ ثبوت پیش کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ نیو یارک کی گرینڈ جیوری کی کارروائیوں کو ملک بھر میں رائج جدید طریقۂ کار کے مطابق ہم آہنگ کیا جا سکے۔ مزید برآں، ریاست سے باہر موجود یا گرینڈ جیوری سے بہت دور واقع اہم بنیادی گواہ شدید سرکاری اخراجات یا گواہوں کے لیے غیر ضروری زحمت کے بغیر گواہی دے سکیں گے۔ یہ عام فہم اصلاحات اخراجات کم کریں گی، انصاف کو بہتر بنائیں گی، غیر ضروری تاخیر کو روکیں گی اور آخرکار ایک منفرد طور پر بوجھل اور فرسودہ طریقۂ کار کا خاتمہ کریں گی۔

نیو یارک کی سڑکوں کا تحفظ کرنا

انٹیلیجنٹ اسپیڈ اسسٹنس کے ذریعے نیو یارک سٹی کے انتہائی تیز رفتار ڈرائیورز کو روکنا

رفتار نیو یارک سٹی کی سڑکوں پر سنگین چوٹ اور اموات کی نمایاں وجوہات میں سے ایک ہے جہاں بار بار خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز راہگیروں، سائیکل سواروں اور فیملیز کے لیے غیر متناسب حد تک بڑا خطرہ بنتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) ایسی قانون سازی متعارف کرائیں گی جس کے تحت نیو یارک سٹی کو ایک پائلٹ پروگرام چلانے کی اجازت دی جائے گی تاکہ اُن ڈرائیورز کے لیے انٹیلیجنٹ اسپیڈ اسسٹنس سسٹمز کی تنصیب لازم قرار دی جا سکے جن کے بارے میں رفتار کے قوانین کی بار بار خلاف ورزی اور نیو یارک کے باشندوں کو خطرے میں ڈالنے کا دستاویزی ریکارڈ موجود ہو۔ اس اقدام کے تحت، نیو یارک سٹی اس بات کی پابندی عائد کر سکے گی کہ مسلسل تیز رفتاری کرنے والوں کی جانب سے چلائی جانے والی گاڑیوں میں ایسی ٹیکنالوجی نصب کی جائے جو ڈرائیورز کو مقررہ رفتار کی حد سے چند میل فی گھنٹہ سے زیادہ رفتار سے گاڑی چلانے سے روکے۔ یہ پائلٹ پروگرام خطرناک ترین ڈرائیونگ رویّوں کو براہِ راست نشانہ بنائے گا، سانحات کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے ہی ان کی روک تھام میں مدد دے گا اور شہر کی سڑکوں کو سب کے لیے زیادہ محفوظ بنائے گا۔ اس پائلٹ اقدام کے نتائج کی بنیاد پر، نیو یارک ریاست بھر میں دلچسپی رکھنے والی کمیونٹیز کو انٹیلیجنٹ اسپیڈ اسسٹنس پروگرام میں رضاکارانہ طور پر شامل ہونے کی اجازت دینے کی کوشش کرے گا۔

نیو یارک کے کام کے زونز میں سلامتی کو اولین ترجیح بنانا

ہائی وے کے کام کے زونز نیو یارک میں کام کرنے کے سب سے خطرناک مقامات میں شامل ہیں، جہاں تیز رفتاری اور توجہ بٹنے کے باعث ڈرائیونگ مسلسل کارکنوں اور موٹر سواروں کو خطرے میں ڈالتی رہتی ہے۔ کام کے علاقوں میں غیر مجاز داخلے کے نتیجے میں مہلک حادثات اور سنگین چوٹوں کے علاوہ، نقل و حمل کے کارکنوں کو ہماری سڑکوں کی دیکھ بھال کے دوران ہراسانی اور حملوں کی بڑھتی ہوئی شرحوں کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) اضافی سڑکوں تک خودکار رفتار کے نفاذ کو وسعت دینے اور فعال کام کے زونز میں محفوظ رویّوں کو مضبوط بنانے کے لیے ڈرائیور ایجوکیشن کو جدید بنانے کی قانون سازی متعارف کروا کر کام کے زون کی سلامتی کو مضبوط بنائیں گی۔ ریاست نئی ٹیکنالوجیز بھی تعینات کرے گی جو بند علاقوں میں گاڑیوں کے داخل ہوتے ہی کارکنوں کو فوری طور پر خبردار کریں گی۔ اس کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) فرنٹ لائن ہائی وے کارکنوں کے لیے مضبوط قانونی تحفظات کو آگے بڑھائیں گی تاکہ حملوں کی روک تھام کی جا سکے اور مجرموں کو جوابدہ ٹھہرایا جا سکے۔ یہ تمام اقدامات مل کر اُن افراد کا بہتر تحفظ کریں گے جو نیو یارک کی سڑکوں کو محفوظ رکھتے ہیں اور کام کے زونز میں قابلِ تدارک چوٹوں اور اموات میں کمی لائیں گے۔

نئے اور کم تجربہ کار موٹر سائیکل سواروں کے لیے لائسنسنگ کے معیارات کو مضبوط بنانا

موٹر سائیکل سواروں کو ٹریفک حادثات میں سنگین چوٹ یا موت کا نمایاں طور پر زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے خاص طور پر اُس وقت جب ان کے پاس باضابطہ تربیت اور سڑک پر عملی تجربہ موجود نہ ہو۔ اگرچہ نیو یارک اس وقت ایک رضاکارانہ موٹر سائیکل سیفٹی کورس پیش کرتا ہے، موٹر سائیکل سوار فی الحال معیاری ہدایات مکمل کیے بغیر بھی لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) موٹر سائیکل لائسنسنگ کے معیارات کو مضبوط بنائیں گی جس کے تحت تمام نئے یا پہلی بار موٹر سائیکل لائسنس کے درخواست دہندگان کے لیے لائسنس حاصل کرنے سے پہلے ایک منظور شدہ رائیڈر ٹریننگ کورس مکمل کرنا لازم ہوگا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ موٹر سائیکل سواروں کو محفوظ آپریشن، دفاعی رائیڈنگ تکنیکوں اور حقیقی دنیا کی ٹریفک صورتحال سے متعلق یکساں تربیت

حاصل ہو۔ تربیت کے لیے ایک واضح بنیادی معیار قائم کر کے، نیو یارک قابلِ تدارک حادثات میں کمی لائے گا اور سواروں کو محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں سواری کرنے کے لیے درکار مہارتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

ہنگامی حالات اور آفات سے نمٹنے کے ردِعمل کو بہتر بنانا

اجتماعی تشدد کے واقعات کے لیے تیاری کو مضبوط بنانا

حالیہ برسوں میں نیو یارک کو اجتماعی تشدد کے واقعات کی بڑھتی ہوئی تعداد کا سامنا کرنا پڑا ہے جس کے باعث کمیونٹیز اور فوری بعد ازاں متاثرین کی معاونت کرنے والی تنظیموں پر شدید دباؤ پڑا ہے۔ اگرچہ مقامی وکٹم اسسٹنس پروگرامز ابتدائی رابطے کے لیے قابلِ اعتماد مراکز ہوتے ہیں، بہت سے پروگرامز کے پاس آفات سے متعلق ذہنی صحت، نفسیاتی ابتدائی امداد اور منظم اجتماعی جانی نقصان کے ردِعمل سے متعلق تربیت کی کمی ہوتی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) ریاست بھر میں ایک تربیتی اقدام کی ہدایت دے کر اجتماعی تشدد کے واقعات کے لیے ریاست کی تیاری کو مضبوط بنائیں گی تاکہ کمیونٹی کی سطح پر قائم وکٹم اسسٹنس پروگرامز کو بڑے پیمانے کے واقعات پر مؤثر ردِعمل دینے کے لیے درکار مہارتیں فراہم کی جا سکیں۔ گورنر ماس وائلنس ایڈوائزری کونسل (Mass Violence Advisory Council) کے ذریعے ریاستی ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی کو بھی بہتر بنائیں گی، مشترکہ ردِعمل کے پروٹوکول قائم کر کے کرداروں کو واضح کریں گی اور معاونت کو مؤثر انداز میں منظم کریں گی۔

ریاست بھر میں شہری تلاش اور بچاؤ کی صلاحیت کو مضبوط بنانا

گورنر Hochul (ہوکل) ریاست گیر ہنگامی ردِعمل کو مضبوط بنانے کے لیے شہری تلاش اور بچاؤ کی ایک نئی صلاحیت قائم کریں گی جو ریاستی ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز (Division of Homeland Security and Emergency Services, DHSES) میں آفس آف فائر پریوینشن اینڈ کنٹرول (Office of Fire Prevention and Control) اور مقامی اولین امدادی کارکنان کے درمیان شراکت داری کے ذریعے تشکیل دی جائے گی۔ یہ ٹیم وفاقی قسم 1 شہری تلاش اور بچاؤ کے معیار پر پورا اترے گی، جس سے بڑے پیمانے کی آفات کے دوران تیزی سے تعیناتی اور وسیع ریسکیو آپریشنز کو برقرار رکھنا ممکن ہوگا اور اُن جدید ریسکیو صلاحیتوں تک رسائی میں توسیع ہوگی جو اس وقت زیادہ تر نیو یارک سٹی تک محدود ہیں۔ ریاست بھر میں یہ صلاحیت قائم کر کے، نیو یارک ردِعمل کے اوقات کو بہتر بنائے گا، مقامی اولین امدادی کارکنان کی معاونت کرے گا اور جیسے جیسے شدید موسمی واقعات زیادہ عام اور زیادہ شدید ہوتے جا رہے ہیں، آفات اور ہنگامی حالات کے دوران جانوں کا بہتر تحفظ ممکن بنائے گا۔

آفات سے نمٹنے کے ردِعمل کو مضبوط بنانے کے لیے کینیڈا کے ساتھ شراکت داری کرنا

نیو یارک ہنگامی حالات کے دوران باقاعدگی سے دیگر ریاستوں کی باہمی امداد پر انحصار کرتا ہے، تاہم موجودہ معاہدے ریاست کو قریبی کینیڈین صوبوں سے باضابطہ طور پر معاونت حاصل کرنے کی اجازت نہیں دیتے، حالانکہ وہ وسائل اکثر زیادہ قریب ہوتے ہیں اور تیزی سے تعینات کیے جا سکتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) ایسی قانون سازی تجویز کریں گی جس کے تحت نیو یارک کو ناردرن ایمرجنسی مینجمنٹ اسسٹنس کمپیکٹ (Northern Emergency Management Assistance Compact) اور انٹرنیشنل ایمرجنسی اسسٹنس کمپیکٹ (International Emergency Assistance Compact) میں شامل ہونے کی اجازت دی جائے گی، جس سے اونٹاریو اور کیوبیک کے ساتھ مربوط ہنگامی ردِعمل ممکن ہو سکے گا۔ اس سے نیو یارک کو آفات کے دوران سرحد پار عملہ، سازوسامان اور خصوصی صلاحیتیں طلب کرنے اور فراہم کرنے کی سہولت ملے گی۔

ڈرونز کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کرنا

جیسے جیسے ڈرونز زیادہ عام اور زیادہ صلاحیتوں کے حامل ہوتے جا رہے ہیں، وہ عوامی سلامتی، اہم بنیادی ڈھانچے اور عوام کے لیے بڑھتے ہوئے خطرات پیدا کر رہے ہیں۔ موجودہ قوانین ریاست کی اس صلاحیت کو محدود کرتے ہیں کہ وہ ڈرونز کے آپریشن کے مقامات پر پابندی عائد کر سکے، جب ڈرونز بدنیتی یا خطرناک انداز میں استعمال ہوں تو فوری ردِعمل دے سکے یا مؤثر کاؤنٹر ڈرون ٹیکنالوجیز کی جانچ اور استعمال کر سکے۔

گورنر Hochul (ہوکل) ایک جامع حکمتِ عملی کو آگے بڑھائیں گی جس کے تحت خطرناک ڈرون استعمال پر پابندی عائد کی جائے گی اور ساتھ ہی اولین امدادی کارکنان کے طور پر ڈرونز کے ذمہ دارانہ استعمال کے لیے محدود

پیمانے پر پائلٹ پروگرامز چلائے جائیں گے۔ وہ قانون سازی اور ایجنسی اقدامات کو آگے بڑھائیں گی تاکہ ڈرونز کے پرواز کے مقامات کو مزید محدود کیا جا سکے، حقیقی ڈرون خطرات پر ردِعمل دینے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اختیارات میں توسیع کی جا سکے اور کاؤنٹر ڈرون ٹیکنالوجیز کی محفوظ جانچ کی حمایت کی جا سکے۔ اس تجویز کے تحت، ریاست نیو یارک کی پولیس (New York State Police) ڈرونز کو امدادی کے طور پر پائلٹ کرے گی جس سے افسران کو جائے وقوعہ پر پہنچنے سے پہلے صورتحال کی حقیقت کا جائزہ لینے اور افسران و عوام کی سلامتی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔

اولین امدادی کارکنان کی ذہنی و رویہ جاتی صحت کی ضروریات کی معاونت کرنا

DHSES اور SUNY New Paltz کی جانب سے کی گئی حالیہ ریاست گیر تشخیص سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ نیو یارک کے نصف سے زائد اولین امدادی کارکنان اس وقت دائمی تھکاوٹ، صدمے کے بعد لاحق ہونے والے تناؤ کے مرض، ڈپریشن اور اضطراب کا سامنا کر رہے ہیں اور ان امراض کا مقابلہ کرنے کے لیے بعض اوقات منشیات کے استعمال کی طرف بھی مائل ہو سکتے ہیں، تاہم بہت سے افراد اب بھی روایتی ذرائع سے مدد حاصل کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔

گورنر نیو یارک کے اولین امدادی کارکنان کی معاونت کے اپنے عزم کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے اولین امدادی کارکنان کے لیے رویہ جات سے متعلق صحت کا ایک مرکز برائے ایکسیلینس قائم کریں گی جو ریاست بھر میں تربیت اور تکنیکی معاونت کا مرکز ہوگا تاکہ ہر حجم کے محکمے ساتھیوں کے لیے سپورٹ پروگرامز تیار کر سکیں۔ ساتھیوں کے مابین تعلقات میں موجود باہمی اعتماد سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، نیو یارک نگہداشت تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہماری کمیونٹیز کی حفاظت کرنے والے افراد کو اپنی ذمہ داریاں محفوظ اور صحت مند انداز میں نبھانے کے لیے درکار ذہنی صحت کے وسائل میسر ہوں۔

اپنے عہدے کی مدت کے دوران، گورنر Hochul (ہوکل) نے عوامی سلامتی کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے اور متعدد اہم اقدامات کی قیادت کی جن میں شامل ہیں:

- ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھنے والے بندوقوں کی سیفٹی کے قوانین پر دستخط کرنا: نیو یارک کے ریڈ فلیگ قانون کو مضبوط بنانا، بیک گراؤنڈ چیک سسٹم کے تحفظات میں اضافہ کرنا، کنسیلڈ کیری ہتھیاروں پر پابندیوں کو سخت کرنا، بندوقوں کے پر تشدد استعمال کے انسداد کے دفتر (Office of Gun Violence Prevention) کو ضابطہ بند کرنا اور غیر قانونی آتشیں اسلحے کے خلاف سخت کارروائی کرنا۔
- ریاست کے بندوقوں پر مشتمل تشدد کے خاتمے (Gun Involved Violence Elimination) کے اقدام میں شریک کمیونٹیز میں زخمی ہونے کے ساتھ فائرنگ کے واقعات میں 60 فیصد کمی کی نگرانی کرنا، جہاں فائرنگ کے واقعات ریکارڈ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئے اور نیو یارک کی سڑکوں سے 10,000 سے زائد غیر قانونی بندوقیں ہٹائی گئیں۔
- سب وے کی سلامتی میں تاریخی سرمایہ کاری فراہم کرنا، ٹرانزٹ جرائم کو عالمی وبا سے پہلے کی سطح سے بھی کم اور ریکارڈ شدہ تاریخ کی دوسری کم ترین سطح تک لے جانا۔
- نیو یارک کے ضمانت اور دریافت کے قوانین کو مضبوط بنانا تاکہ خطرناک مجرموں کو ہماری سڑکوں سے دور رکھا جا سکے اور ساتھ ہی متاثرین کا بہتر تحفظ کیا جا سکے۔
- ریٹیل چوری کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنا، کارکنوں کے تحفظات کو وسعت دینا، منظم ریٹیل چوری کے نیٹ ورکس کو نشانہ بنانے والی نئی فوجداری دفعات شامل کرنا اور چھوٹے کاروباروں کے لیے سیکیورٹی فنڈنگ فراہم کرنا؛ دسمبر 2025 تک، نیو یارک سٹی میں ریٹیل چوری سال بہ سال 14 فیصد کم ہوئی ہے۔
- نفرت پر مبنی جرائم میں اضافے کے جواب میں، نفرت انگیز جرائم کے زمرے میں آنے والے جرائم کی فہرست کو وسعت دینا اور خطرے سے دوچار مقامات کے تحفظ کے لیے فنڈنگ کو یقینی بنانا۔

یہ تمام اقدامات مل کر گورنر Hochul (ہوکل) کے اس وژن کی عکاسی کرتے ہیں جس کا مقصد ریاست نیو یارک کو تمام نیو یارک کے باشندوں کے لیے زیادہ محفوظ، مضبوط اور عادلانہ بنانا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں